© rasailojaraid.com

تبصرہ نگار: ح۔ح

# تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ ــــــــ (ادارہ)

**۱۔اسمائے حسنیٰ (جلد اول، دوم)** مولف: مولانا محمد حنیف عبدالمجید، ناشر: بیت العلم ٹرسٹ گلشن اقبال، کراچی، قیمت: درج نہیں۔

بیت العلم ٹرسٹ نے مولانا محمد حنیف عبدالمجید اور ان کے رفقاء کے زیر نگرانی علماء، طلباء اور عوام میں سے ہر طبقہ کے ذوق کے مطابق عام فہم اسلوب میں علمی اور اصلاحی کتب کی اشاعت کا مفید سلسلہ شروع کیا ہے، اب تک اس سلسلہ کے بیسویں کتب نے مقبولیت حاصل کی ہے، زیر تبصرہ کتاب بھی انہی مقبول کتب میں شامل ہے، جس کے مؤلف مولانا محمد حنیف عبدالمجید ہیں۔ حضرت مولانا ابن الحسن عباسی زید مجدہ نے اس پر تقریظ تحریر فرمائی ہے۔ کتاب کے تعارف کے لئے ذیل میں اس کا ایک اقتباس نقل کیا جاتا ہے:

> ”زیرِ نظر کتاب انہوں نے ”اسمائے حسنیٰ“ کے موضوع پر مرتب فرمائی ہے، یہ ایک معطر اور مشک بار موضوع ہے، اللہ تعالیٰ کے ایک ایک اسم میں جو مٹھاس، حلاوت اور روحانیت ہے، اس کا احساس ایک قلب مومن ہی کو ہوسکتا ہے“۔
>
> اس ناکارہ نے ان کی اس کتاب کا کچھ حصہ پڑھا.......... انہوں نے اولاً ایک اسم ذکر کیا ہے، اس کے معنی لکھے ہیں، پھر اس کی سیر حاصل تشریح کی ہے اور اسم سے متعلق دوسری کئی مفید بحثوں کو بھی مفید مناسبتوں سے قلم بند کیا ہے۔ جو کچھ لکھا اس کے حوالہ جات کا بھی اہتمام کیا ہے۔ مثلاً ”السلام“ کے تحت سلام کرنے کی فضیلت، سلامتی کا مفہوم اور سلامتی کی دعائیں بھی ذکر کردی ہیں......“۔

کتاب دو الگ جلدوں میں تقریباً ۸۰۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ ٹائٹل خوبصورت طباعت معیار اور کاغذ درمیانے درجہ کا ہے۔

**۲۔مظلوم کی آہ**

(تالیف: عبدالرحمٰن الفرحان، مترجم: مولانا خلیل الرحمٰن، ناشر: بیت العلم ٹرسٹ، صفحات: ۳۰۰، قیمت: درج نہیں)

اپنے موضوع پر یہ ایک موثر اصلاحی کتاب ہے، جس میں مؤلف نے قرآن وحدیث، آثار صحابہ اکابر واسلاف امت کے اقوال کی روشنی میں ظلم کی حقیقت واضح کرکے فرد یا معاشرے پر اس کے مرتب ہونے والے مہلک اثرات کی نشاندہی کی ہے اور بتایا ہے کہ ظلم کا انجام دنیا وآخرت دونوں میں خطرناک ہوتا ہے۔ مظلوم تو خدا کی نصرت و


© rasailojaraid.com